کو ہمیشہ کے لیے کاٹ کر ایسے مفاد حاصل کیے۔ اور مسلمانوں پر جابجا وہ قہر ڈھائے کہ ان کی کوئی تلافی نہیں۔ ایک مسئلہ فلسطین ہی کتنا خوفناک ہے جو مسلمانوں کے افتراق کی بنا پر پیدا ہوا۔

کیا سپر پاورز اور مغرب کی بیشتر حکومتیں اسی طرح ہمیں بے وقوف بنا کر استعمال کرتی رہیں گی۔

چادر اور چار دیواری | سید مظہر علی ادیب۔ ناشر: مکتبہ السفیر، اردو بازار لاہور ۲۔

قیمت: ۹ روپے۔

سید مظہر علی ادیب بہت صاف ستھرے ذہن کے ساتھ دولتِ ایمان اور سعادت مطالعہ سے بہرہ مند ہیں۔ مغرب کی الحادی اور مادہ پرستانہ تہذیب نے انسانوں کو حیوانی سطح پر لا کر عورت کو آزادی اور مساوات کے نام پر جس طرح گھروں سے نکال کر گھروں کو اجاڑا ہے اور باہر عورت کو جن دردناک صورتوں میں نشانۂ استحصال بنایا ہے۔ مظہر ادیب اس کا خاص مطالعہ رکھتے ہیں اور دوسری طرف قرآن و حدیث کی تعلیم کو بھی جانتے ہیں۔ پس اس موضوع پر ایک ماہر کی حیثیت سے لکھتے ہیں۔

چادر اور چار دیواری میں موجودہ غیر اسلامی معاشرت کے بگاڑ کی عبرتناک تصویر بھی دکھائی دیتی ہے اور اسلامی تہذیب کی پاکیزہ فضائیں بھی سامنے آجاتی ہیں۔ اس تقابلی مطالعہ سے ہر معقول آدمی یہ سمجھ سکتا ہے کہ راہِ حق اور راہِ امن و نجات کدھر ہے؟

چنار | میگزین گورنمنٹ کالج، گڑھی دوپٹہ، مظفر آباد۔

ایک کالج کے طلبہ نے اپنے اساتذہ کی نگرانی میں اتنا ضخیم اور شاندار رسالہ مرتب کر کے بڑی قابلیت کا ثبوت دیا ہے۔ مضامین میں عنوانات اور اسالیب اور لکھنے والوں کے لحاظ سے بڑا تنوع ہے۔ ۲۸۴ صفحے بھرتی کی تحریروں کے بغیر تیار کر لینا قابل تحسین ہے

العلم | سہ ماہی مجلہ۔ الطاف علی بریلوی - مدیر: سید مصطفیٰ علی بریلوی (علیگ)

باہتمام: اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ۔ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی۔ پتہ: ۱۔ جے ۱۰/۴۵ ناظم آباد کراچی۔ قیمت خاص نمبر/ ۱۵ روپے۔ عام شمارہ ۵ روپے۔ چندہ سالانہ/ ۲۰ روپے